14/12/2021

پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

ریاست میں اب تک 25.91 لاکھ میٹرک ٹن دھان کی خریداری

-لکھنؤ: ۱۴/ دسمبر ۲۰۲۱ء

اتر پردیش حکومت نے کاشتکاروں کو انکی پیداوار کی سہارا قیمت اسکیم کے مطابق یا اس سے زائد دلانے کے مقصد سے کاشتکاروں سے براہ راست دھان کی خریداری کرتے ہوئے خریف خریداری سال 22-2021 میں اب تک مختلف خرید مراکز کے توسط سے 2591272.61 میٹرک ٹن دھان کاشتکاروں سے خریدا گیا ہے۔

محکمۂ غذا اور سد کے ذریعہ دی گئی معلومات کے مطابق آج 115290.40 میٹرک ٹن خریداری ہوئی ہے۔ اس اسکیم سے اب تک 365233 کاشتکار مستفید ہوئے ہیں اور قریب 3301.73 کروڑ روپۓ کی ادائیگی انکے اکاؤنت میں کیا گیا ہے۔ کامن دھان 1940 روپۓ فی کوئنٹل اور گریڈ-اے دھان 1960 روپۓ فی کوئنٹل کی شرح سے خریداری کی جارہی ہے۔ ریاستی حکومت کے ذریعہ اس خریف خریداری سال کے تحت 70 لاکھ میٹرک ٹن دھان خریداری کو ہدف طے کیا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆